© rasailojaraid.com

سے حفظ قرآن مکمل کرنے والے پانچ خوش نصیب بچوں نے تلاوت کی۔ تلاوت کے بعد ان خوش نصیب بچوں میں معزز مہمانان گرامی نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، مفتی عبدالغفار، قاری خلیل الرحمٰن وغیرہ نے اسناد وانعامات تقسیم کیے۔ بعد ازاں مولانا قطب شاہ نے درس دیا اور آخر میں دعا بھی کی۔ اس پروگرام میں چتر پڑی کے علاوہ میرپور اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## وفیات

### چوہدری احسن محمود گجر و چوہدری عمر فاروق گجر کو صدمہ

مورخہ 15 اپریل بروز ہفتہ چوہدری احسن محمود گجر و چوہدری عمر فاروق گجر کے والد چوہدری غلام رسول گجر چک خاصہ (ٹاہلیانوالہ) میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد العقیل اہل حدیث مظفر ٹاؤن کے مستقل نمازی اور بااخلاق وملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے چک خاصہ میں پڑھائی۔

### مرزا افتخار بیگ، ماسٹر مرزا نشاط بیگ و مرزا فیاض اشرف (کھورڈ) کو صدمہ

مورخہ 22 اپریل بروز ہفتہ مرزا افتخار بیگ کی زوجہ محترمہ اور ماسٹر مرزا نشاط بیگ و مرزا فیاض اشرف کی چچی محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا مقصود احمد سلفی نے کھورڈ میں پڑھائی۔ جامعہ سے مولانا محمد عبداللہ، مولانا سیف اللہ و مولانا ساجد ملک نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

### چوہدری محمد عنایت و ڈاکٹر چوہدری خالد محمود (کھورڈ) کو صدمہ

مورخہ 17 مئی بروز بدھ چوہدری محمد عنایت چیف واپڈا لاہور ڈویژن کی والدہ اور ڈاکٹر چوہدری خالد محمود سابق ایم ایس سول ہسپتال کی چچی محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور پرہیز گار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے کھورڈ میں پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com